☆☆☆☆

Inter-(Part-II)-A-2022

Roll No.________ امیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

| Paper Code | 8 | 0 | 2 | 8 |
|---|---|---|---|---|

## اُردو لازمی (معروضی) گروپ-II

وقت: 30 منٹ نمبر: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

(الف) درست جواب کا اِنتخاب کیجئے: (5)

1 - کلکتہ کے حوالے سے سبق "ہوائی" میں شاعر ______ کا ذکر ہوا ہے۔
(A) مرزا غالب (B) میر تقی میر (C) مرزا سودا (D) علامہ محمد اقبالؒ

2 - ایوان کے دریچوں میں سے ______ پر نظر پڑتی تھی۔
(A) چوک (B) بازار (C) باغ (D) فوج

3 - ______ نے انیسویں صدی میں اپنی شاعری کے ذریعے مسلمانوں میں انقلاب کی لہر دوڑا دی۔
(A) فیض احمد فیض (B) سر سید احمد خاں (C) مولانا الطاف حسین حالی (D) علامہ محمد اقبالؒ

4 - رسالہ "تہذیب الاخلاق" ______ نے جاری کیا تھا۔
(A) حالی (B) سر سیّد (C) ظفر علی خاں (D) شبلی نعمانی

5 - ______، مولوی نذیر احمد کے پوتے تھے۔
(A) بشیر الدین (B) مولوی عنایت اللہ (C) احمد حسن (D) شاہد احمد دہلوی

(ب) مطابقت اور حروف کا درست استعمال مدِ نظر رکھ کر درست جواب کا انتخاب کیجئے: (5)

6 - اس ہفتے "اخبارِ جہاں" تا حال شائع نہیں ______ ۔
(A) ہوا (B) ہوئی (C) ہوئے (D) ہوئیں

7 - آج حمید کالج نہیں آ سکا ______ اس کا بیٹا بیمار تھا۔
(A) اگرچہ (B) کہ (C) چنانچہ (D) کیونکہ

8 - ______ محنت کرو گے تو کامیاب ہو جاؤ گے۔
(A) اگرچہ (B) جیسے (C) اگر (D) جب

9 - گھر عورت کی جنت ______ ۔
(A) ہوتے ہیں (B) ہوتیں ہیں (C) ہوتا ہے (D) ہوتی ہے

10 - ریوڑ گھاس چر ______ ۔
(A) رہی ہے (B) رہا ہے (C) رہے ہیں (D) رہی ہیں

(ج) رموزِ اوقاف کو ملحوظ رکھتے ہوئے، درست جواب کا انتخاب کیجئے: (5)

11 - جو کرے گا ______ سو بھرے گا۔
(A) ؛ (B) ؟ (C) : (D) :-

12 - اس علامت ، ______ ، کو ______ کہتے ہیں۔
(A) وقفہ (B) رابطہ (C) تفصیلیہ (D) خط

13 - مخففات میں ______ کی علامت استعمال کی جاتی ہے۔
(A) سکتہ (B) ختمہ (C) وقفہ (D) قوسین

14 - کسی کا قول اُسی کے الفاظ میں نقل کرنا ہو تو قول کی ابتداء اور اختتام پر ______ کی علامت لگتی ہے۔
(A) وقفہ (B) سوالیہ (C) رابطہ (D) واوین

15 - اظہارِ خفگی کیلئے ______ کی علامت کا استعمال کیا جاتا ہے۔
(A) فجائیہ (B) ندائیہ (C) ختمہ (D) وقفہ

(د) اِمدادی اَفعال کے درست استعمال والے جملے کا انتخاب کیجئے: (5)

16 - لینا:
(A) کیا لینا ہے؟ (B) اس نے کاپی خرید لی۔ (C) اس نے قلم لیا۔ (D) کتاب لاؤ۔

17 - بیٹھنا:
(A) وہ کرسی پر بیٹھا۔ (B) کہاں بیٹھے ہو۔ (C) نیچے بیٹھو۔ (D) وہ اُٹھ بیٹھا۔

18 - پڑنا:
(A) وہ پڑھتا رہا۔ (B) کتاب میز پر پڑی ہے۔ (C) وہ گر پڑا۔ (D) وہ راستے میں پڑا ہے۔

19 - دینا:
(A) مجھے گھر جانے دو۔ (B) آواز دو۔ (C) اس نے درس دیا۔ (D) میں وہاں جا نکلا۔

20 - نکلنا:
(A) وہ گھر سے نکلا۔ (B) میں وہاں جا نکلا۔ (C) سورج نکلا۔ (D) وہ نکل نہیں سکا۔